## ایم کیوایم گلگت بلتستان سیکریٹریٹ کھومر سے بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی، حق پرست امیدواران نے نومل اور دینور میں انتخابی دفاتر کا افتتاح کیا

## ریلی کے شرکاء گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، سوزوکیوں پر سوار تھے، ایم کیوایم اور قائد تحریک کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے

## ریلی کا اختتام نومل میں جنرل کارنر میٹنگ کرکے کیا گیا، کارنر میٹنگ سے صلاح الدین گلگتی کا خطاب

گلگت۔۔۔19، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام گلگت بلتستان میں جاری انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم گلگت بلتستان سیکریٹریٹ کھومر سے بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی جس نے حلقہ GBAL-1 نومل، حلقہ GBLA-2 اور حلقہ GBLA-3 دینور میں گشت کیا۔ ریلی کے شرکاء گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، سوزوکیوں پر سوار تھے اور انہوں نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔ ریلی کے شرکاء فلک شگاف انداز میں ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔ اس دوران ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی جوائنٹ انچارج جزیا ور جمیل، صلاح الدین گلگتی، حق پرست حلقہ GBLA-3 کیپٹن (ر) ہادی حسین نے دینور میں ایم کیوایم کے 2 الیکشن آفسز جبکہ حلقہ GBLA-1 نومل میں حق پرست امیدوار الطاف حسین میر نے ایک الیکشن آفس کا افتتاح بھی کیا۔ ریلی کا اختتام نومل میں جنرل کارنر میٹنگ کرکے کیا گیا جس سے صوبائی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان میں متحدہ قومی موومنٹ کی انتخابی سرگرمیاں دیکھ کر مخالفین کے حوصلہ پست ہوگئے ہیں اور یہاں کے عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کا جس طرح سے خیر مقدم کیا ہے وہ خوش آئند ہے اور انشاءاللہ حق پرست قیادت انتخابات میں کامیابی کے بعد گلگت بلتستان کے عوام کی نظروں میں بھی ضرور سرخرو ہوگی۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ 12 نومبر کے انتخابات کے سلسلے میں گھر گھر جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام حق پرستی پہنچائیں اور انہیں ایم کیوایم کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی سچائی سے آگاہ کریں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کے دن ایم کیوایم کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کروائیں۔

## حق پرست امیدواروں کی کامیابی ہی گلگت بلتستان کے تابناک مستقبل کی ضمانت ہے، وسیم آفتاب، توصیف خانزادہ

## غریب و متوسط طبقے کے حق پرست امیدواران گلگت بلتستان کے مسائل کے حل اور ترقی و خوشحالی کیلئے عملی کردار ادا کرسکتے ہیں،

## غلام رضا حیدری۔ اسکردو حلقہ 3 میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب

اسکردو۔۔۔19، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب اور توصیف خانزادہ نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کو سمجھ لیا ہے اور وہ جان چکے ہیں کہ غریب و متوسط طبقے کے حق پرست امیدواروں کو ہی انتخابات میں ووٹ دے کر بھاری اکثریت سے کامیاب کرانا گلگت بلتستان کے تابناک مستقبل کی ضمانت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اسکردو کے حلقہ 3 میں بلتستان کانٹینٹل ہوٹل میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں حلقہ اسکردو 3 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار غلام رضا حیدری، صوبائی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، رکن ارشد سہیل اور علاقے کے معززین، کارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجتماع سے اپنے خطاب میں رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب اور توصیف خانزادہ نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس نے غریب و متوسط طبقے سے جنم لیا ہے اور ہر مشکل وقت میں بڑھ چڑھ کر ملک و قوم کی سلامتی اور استحکام کیلئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ایم کیوایم کی حب الوطنی کو مشکوک بنانے والے عناصر نے صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان اور گلگت بلتستان میں منفی پروپیگنڈہ کیا اور ایم کیوایم کو غداری اور ملک دشمنی کے سرٹیفکیٹ دیئے لیکن قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ان تمام بے بنیاد اور جھوٹے الزامات کے باوجود حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھی اور آج حق پرستی کا سورج نہ صرف گلگت بلتستان میں آب و تاب کے ساتھ چمک رہا ہے بلکہ ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کو ہی اپنے تابناک مستقبل کی ضمانت قرار دے رہے ہیں۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار غلام رضا حیدری نے کہا کہ ایم کیوایم نے گلگت بلتستان سے جن حق پرست امیدواروں کو انتخابات میں نامزد کیا ہے وہ نہ صرف غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں بلکہ گلگت بلتستان کے مسائل کے حل اور ترقی و خوشحالی کیلئے عملی کردار ادا کرسکتے ہیں کیونکہ ایم کیوایم کی جانب سے کھڑے کئے جانے والے حق پرست امیدواروں کو ٹکٹ فروخت نہیں کئے گئے بلکہ میرٹ کی بنیاد پر انتخابات میں امیدواروں کو نامزد کیا گیا ہے جو عوامی مسائل کے حل کیلئے بڑھ چڑھ کر کردار ادا کرسکتے ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں ایم کیوایم کے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں اور پتنگ کے نشان پر مہر ثبت کرکے ثابت کردیں کہ گلگت بلتستان بھی ایم کیوایم کا مضبوط قلعہ ہے۔

## کے پی ٹی آئل ٹرمینل پر حملہ میں ملوث تحریک طالبان کراچی کے امیر اختر زمان اوراس کے دہشت گرد ساتھیوں کی گرفتاری پر حساس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو رابطہ کمیٹی کا خراج تحسین

## دہشت گردوں کی گرفتاریوں نے ثابت کردیا کہ طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے الطاف حسین کے خدشات سوفیصد درست تھے

## قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی ،قومی جذبے اور دہشت گردی کے خلاف عزم کو ہر سطح پر سراہے جانے کی ضرورت ہے

کراچی۔۔۔19، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں کے پی ٹی آئل ٹرمینل پر حملہ کی کوشش میں ملوث تحریک طالبان کراچی کے امیر اختر زمان سمیت دہشت گردوں سمیع اللہ، فضل کریم اورمنور خان کی گرفتاری اوران سے خودکش جیکٹس اوردستی بموں کی برآمدگی پر حساس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین مسلسل کراچی میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی اوران کے مذموم عزائم کو بنا نگ دہل بیان کررہے تھے اوران کی جانب سے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے بارے میں بیان کردہ حقائق کے بعد کراچی سے کئی طالبان دہشت گردوں کو گرفتار کیا جاچکا ہے جن کے قبضے سے خودکش جیکٹس ،ریموٹ کنٹرول بم ، لانچر اور جدید ہتھیار برآمد ہوئے ،ان زمینی حقائق سے ثابت ہوتا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کیا وہ سوفیصد درست تھے اوران خدشات پر نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے کیا جانے والا واویلا طالبانائزیشن کی سازش کو پنپنے دینے کے مترادف تھا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سی سی پی او کراچی وسیم احمد نے اپنی پریس کانفرنس میں بتایا ہے کہ گرفتار تحریک طالبان کراچی کا امیر اوراس کے دیگر دہشت گرد 2 سال سے دہشت گردی کی منصوبہ بندی کررہے تھے اورلاہور جیسے حملے کرنا چاہتے تھے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ماضی میں بھی کئی طالبان دہشت گردوں کو گرفتار کیا اور ان کے ناپاک منصوبوں کو ناکام بنایا ہے جس پر ان کی کارکردگی ،قومی جذبے اور دہشت گردی کے خلاف عزم کو ہر سطح پر سراہے جانے کی ضرورت ہے۔

## خواجہ سہیل منصور کی لاہور میں ریسکیو 15 کی بلڈنگ میں خودکش حملہ میں ہلاک ہونے والے سویلین محمد بشیر کے لواحقین سے ملاقات

## قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے 10 ہزارروپے کی امداد دی

لاہور۔۔۔19، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور نے لاہور میں ریسکیو 15 کی بلڈنگ میں 5 ماہ پہلے ہونے والے خودکش حملہ میں ہلاک ہونے والے سویلین محمد بشیر کی رہائشگاہ جاکر سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں مشکل حالات کا سامنا کرنے کیلئے 10 ہزار روپے کی امداد دی۔انہوں نے محمد بشیر کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محمد بشیر کا نام بھی شہیدوں میں شامل ہے اوران کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔انہوں نے پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا کہ محمد بشیر کے لواحقین کو حکومت کے اعلان کردہ 3 لاکھ روپے فی الفور دیئے جائیں اور ماہانہ بنیادوں پر بھی محمد بشیر کے لواحقین کی امداد کا بندوبست کیا جائے۔ انہوں نے محمد بشیر کی روح کو ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین کو حوصلہ اور صبر کی تلقین بھی کی۔اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے وفد نے الطاف حسین کی جانب سے کرشنا مندر لاہور میں ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد دی

لاہور۔۔۔19، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر سندھ خالد بن ولایت اور حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین نے دیوالی کے موقع پر کرشنا مندر لاہور کا دورہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ہندو برادری کو دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کی۔اس سے قبل آصف حسنین اور خالد بن ولایت جب کرشنا مندر لاہور پہنچے تو ڈاکٹر منوہر چانداور پنڈت کاشی رام نے دیگر افراد کے ہمراہ ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ایم کیوایم کے وفد نے دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو گلدستہ بھی پیش کیا اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں بسنے والی تمام مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں اورانہیں برابر کا شہری تسلیم کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہر مشکل وقت میں مذہبی اقلیتوں کا ساتھ دیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم میں ہر مذاہب کے لوگ شامل ہیں اور اپنے اپنے حقوق کیلئے پرامن جدوجہد کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔۔19، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن یونٹ 124 کے کارکن محمد رمضان کے والد امام الدین، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا یونٹ 145 کے کارکن فرید رضا کی والدہ محترمہ کنیز فاطمہ، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد یونٹ A-134 کے کارکن محمد محفوظ خان کی والدہ محترمہ رضیہ بانو، ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن محمد شکیل کی والدہ محترمہ زاہدہ بیگم، ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر G یونٹ B-2 کے کارکن رئیس الدین کے بھائی ڈاکٹر ایاز الدین، ایم کیوایم ٹنڈو الہ یار زون ڈسٹرکٹ الیکشن سیل کے رکن سید عبدالواحد شاہ کے والد شادی شاہ، ایم کیوایم حیدرآباد زون یونٹ ٹنڈو حیدر کے کارکن مبین کی والدہ محترمہ انوری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆